Dr.Aqueel Ahmad

Dept.of Urdu.

A.P.S.M.College , Barauni

Class:B.A (H) URDU

Paper:(Poetry)

Topic:Marsiya-4

وہ مرقع ہو کہ دیکھیں اسے گر اہل شعور
ہر ورق میں کہیں سایہ نظر آئے کہیں نور

غل ہو یہ ہے کشش مو قلم طرۂ حور
صاف ہر رنگ سے ہو صنعت صانع کا ظہور

کوئی ناظرہ جو یہ نایاب نظیریں سمجھے
نقش ارژنگ کو کاواک لکیریں سمجھے

قلم فکر سے کھینچوں جو کسی بزم کا رنگ
شمع تصویر پہ گرنے لگیں آ آکے پتنگ

صاف حیرت زدہ مانؔی ہو تو بہزؔاد ہو دنگ
خوں برستا نظرآئے جو دکھاؤں صف جنگ

رزم ایسی ہو کہ دل سب کہ پھڑک جائیں ابھی
بجلیاں تیغوں کی آنکھوں میں چمک جائیں